© rasailojaraid.com



کیا میاں نعیم الرحمٰن بھی ان سے دلی محبت کرتے اور دل وجان سے ان کی قدر کرتے اکثر موقعوں پر انہیں مشورے میں شامل کرتے علاقہ گلیات توحید آباد میں جب پرانی کوٹھی کو بنام جامعہ سلفیہ وقف کیا گیا تو خاکسار کے ساتھ پروفیسر شاکر صاحب بھی موجود تھے باہمی مشاورت سے شعبہ حفظ کا آغاز کیا گیا جس کے جملہ اخراجات جامعہ سلفیہ کی وساطت سے خرچ ہونے لگے آپ نے اس موقعہ پر نہایت اثر انگیز گفتگو کی جس سے تمام شرکاء بے حد متاثر ہوئے آپ کی رحلت کے وقت میاں نعیم الرحمٰن علاج کی غرض سے برطانیہ گئے ہوئے تھے اور نماز جنازہ میں شریک نہ ہو سکے میں نے فون پر اطلاع دی تو بہت غمگین ہوئے اور بذریعہ فون ان کے بیٹے جمال الدین سے تعزیت کی۔

آپ کی رحلت کی خبر بجلی بن کر گری یقین نہیں آرہا تھا کہ علامہ شاکر صاحب اس قدر جلد ہم سے بچھڑ جائیں گے انا للہ وانا الیہ راجعون آپ کی رحلت کی خبر جنگل کے آگ کی طرح پھیل گئی ہر طرف سے فون آنے لگے مرحوم کے صاحبزادے جمال الدین افغانی سے رابطہ ہوا تعزیت کی انہوں نے بتایا کہ ایک نماز جنازہ اسلام آباد نماز ظہر کے بعد فیصل مسجد میں ہوگا جبکہ دوسرا شیخوپورہ کمپنی باغ میں رات دس بجے ہوگا اور انہوں نے مکلف کیا کہ محترم حافظ مسعود عالم صاحب کو پابند کروں کہ والد گرامی کا جنازہ پڑھائیں جامعہ کے تمام اساتذہ اور طلبہ وفد کی شکل میں شیخوپورہ پہنچے پہلے گھر گئے تمام اہل خانہ سے تعزیت کی اور پھر جنازہ کے لئے چلے گئے شیخوپورہ مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ذمہ داران یوتھ فورس کے نوجوانوں کے علاوہ جماعۃ الدعوۃ کے کارکنان نے مل کر نہایت اعلیٰ انتظامات کئے ہوئے تھے اور نظم وضبط کا مثالی انتظام تھا جنازہ میں ہزاروں افراد شریک ہوئے تمام مکاتب فکر اور جماعتوں کے نمائندہ افراد موجود تھے شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم نے نماز جنازہ پڑھائی اس طرح علم وعمل کا یہ آفتاب شیخوپرہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

اللہ تعالیٰ ان کی حسنات کو قبول فرمائے اور بشری لغزشوں کو معاف کرے نیکو کاروں کے ساتھ انجام فرمائے تمام لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین

## دہشت گردی کی تازہ لہر

یوں تو پیارا وطن عرصہ دراز سے مشکلات میں گرا ہوا ہے فرقہ واریت' دہشت گردی' سیاسی خلفشار افراتفری' لاقانونیت' معاشی ابتری' مہنگائی' بیروزگاری سے لوگ بے حد پریشان اور مایوس ہیں سابقہ فوجی اور موجودہ سول حکومت بھی کوئی قابل قدر قدم نہ اٹھا سکی لوگوں کو تحفظ امن سکون نہ دے سکی بدامنی'



© rasailojaraid.com